سٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف فیئر ایمپلائمنٹ اینڈ ہاؤسنگ وِکٹم کمپن سیشن اینڈ گورنمنٹ کلیمز بورڈ

تشدد بوجہ نفرت کا نشانہ بننے پر آپ کے حقوق

کیلیفورنیا میں تشدد بوجہ نفرت کی تعریف ہے کسی شخص کی ذات یا جائداد پر تشدد کا کوئی عمل یا تشدد کی دھمکی، جو نسل، رنگ، مذہب، خاندان، قومی اصل، معذوری، جنس، صنفی میلان، سیاسی وابستگی، یا مزدور تنازعہ میں رویہ پر مبنی ہو۔ تشدد کے جرائم زبانی یا تحریری دھمکی، جسمانی حملہ یا جسمانی حملہ کی کوشش، گرافیٹی، تخریب سوخات یا اتلاف جائداد ہو سکتے ہیں۔

تشدد بوجہ نفرت سے تحفظ دلانے والے قوانین دو طرح کے ہیں: فوجداری اور دیوانی۔ کیلیفورنیا میں نفاذِ قانون کے اہلِ کار، جیسے پولیس، شیرف، ڈسٹرکٹ اٹارنی، اور اٹارنی جنرل، فوجداری قانون روبعمل لاتے ہیں جو تشدد بوجہ نفرت کے جرائم کا ارتکاب کرنے والوں کو سزا دیتے ہیں۔

سٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف فیئر ایمپلائمنٹ اینڈ ہاؤسنگ (DFEH) کیلیفونیا کے دیوانی قوانین نافذ کرتا ہے، جو کہ تشدد بوجہ نفرت کا نشانہ بننے والوں کو تحفظ اور نقد معاوضہ دیتے ہیں۔

سٹیٹ وِکٹم کمپن سیشن اینڈ گورنمنٹ کلیمز بورڈ بھی کیلیفورنیا کے ہر اس باشندے کو ریلیف دیتا ہے جن کو نفرت یا تعصب کے جرم سے نقصان پہنچا ہو یا جن کو ایسے جرم سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو۔ کنبہ کے قریبی افراد بھی اس پروگرام کے تحت امداد کے مستحق ہو سکتے ہیں۔

تشدد بوجہ نفرت کے شکار لوگوں کو میسر ریلیف

ڈپارٹمنٹ آف فیئر ایمپلائمنٹ اینڈ ہاؤسنگ	وِکٹم کمپن سیشن پروگرام
• افعالِ تشدد کے مجرمین کے خلاف امتناعی احکام	• بحالی کے اخراجات
• ۱۵۰،۰۰۰ ڈالر تک امداد برائے: • جائداد کی مرمت • جذباتی عذاب یا تشویش • طبی علاج کے اخراجات • اجرت کا نقصان • غلط کار کو سزا دینے کے اخراجات	• گھر کی سیکیورٹی کی تنصیب
	• دماغی صحت کے لئے علاج یا کونسلنگ
	• میڈیکل اور ڈینٹل اخراجات
	• ضائع شدہ اجرت
	• فوت یا معذور شدہ شدگاں کے سہارے سے محرومی
• عدالتی حکم کے تحت دیوانی جرمانہ کی رقم ۲۵،۰۰۰ ڈالر تک	• تجہیز اور ریاتلفین کے اخراجات
• وکیل کا خرچہ	• انفرادی طور نشانہ بننے والوں کے لئے زیادہ سے زیادہ ۷۰،۰۰۰ ڈالر تک

نشانہ بننے والوں کو کیا کرنا چاہئے؟

۱۔ آپ کو تشدد یا دھمکی کا ہر عمل پولیس کو رپورٹ کرنا چاہئے۔ **9-1-1 کو فون کریں**۔ اگر نفاذِ قانون کے مقامی اہلِ کار تفتیش نہ کریں، تو کیلیفورنیا اٹارنی جنرل کو فون کریں۔ نمبر ہے: (800) 952-5225 یا کم سماعت والوں کے لئے: (800) 952-5548

۲۔ کیلیفورنیا ڈپارٹمنٹ آف فیئر ایمپلائمنٹ اینڈ ہاؤسنگ کے پاس شکایت درج کی جاسکتی ہے۔ شکایت فعلِ تشدد یا اس کی دھمکی سے ایک سال کے اندر درج کی جانی چاہئے۔ کی ضرورت نہیں ہے۔ سب زبانیں خاطر میں لائی جائیں گی۔

ٹول فری نمبر کو فون کریں: 1-866-460-HELP(4357) **ہمیں ای میل بھیج دیں:** hate.report@dfeh.ca.gov
کم سماعت والوں کے لئے ریلے سروس: 1-800-700-2320

۳۔ نشانہ بننے والے یا ان کے افرادِ خانہ وِکٹم کمپن سیشن پروگرام کی ہاٹ لائن کو معاوضہ کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔ اکثر حالات میں ایک سال کے اندر فون کرنا چاہئے۔
ٹول فری فون کریں: 1-800-777-9229 **کم سماعت والوں کے لئے ریلے سروس:** 1-800-735-2929

URDU DFEH187A/10-2001